PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع : " سیاست "

## "موجودہ واقعات"


# تقریباً ہر 2 میں سے 1 (49%) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ووٹرز کے مطابق شہباز شریف نواز شریف کی غیر موجودگی میں پارٹی کی قیادت اچھی کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں: گیلپ & گیلانی پاکستان،

اسلام آباد،16 جنوری، 2020

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً ہر 2 میں سے 1 (49%) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ووٹرز کے مطابق شہباز شریف نواز شریف کی غیر موجودگی میں پارٹی کی قیادت اچھی کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں ۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا کہ، **" آپ کے خیال میں نواز شریف کی غیر موجودگی میں کونسا رہنماء پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت اچھی طرح کرنے کی اہلیت رکھتا ہے ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے کل سپوٹرز میں سے،49% جوابدہندگان کے مطابق نواز شریف کی غیر موجودگی میں شہباز شریف پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت اچھی طرح کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں، 12% پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سپوٹرز کے مطابق مریم نواز ،جبکہ صرف 3% جوابدہندگان کے مطابق حمزہ شہباز سب سے زیادہ قابل ہیں،2% جوابدہندگان کے مطابق شاہد خاقان عباسی سب سے زیادہ قابل ہیں،1% جوابدہندگان نے دیگر رہنماؤں کے نام درج کروائے، جبکہ 14% جوابدہندگان کے مطابق اِن میں سے کوئی بھی رہنماء اس قابل نہیں ہے جوکہ نواز شریف کی غیر موجودگی میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت اچھی طرح کر سکے، 19% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

"آپ کے خیال میں نوازشریف کی غیر موجودگی میں کونسا رہنماء پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت اچھی طرح کرنے کی اہلیت رکھتا ہے ؟"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll*
*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
(*www.gallup-international.com*; *www.gallup.com.pk*, *www.gilanifoundation.com*)

گیلپ پاکستان کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر بلال اعجاز گیلانی کا مزید کہنا ہے کہ : واضح رہے کہ یہ سروے دسمبر 2019 میں کیا گیا تھا۔ مریم نواز سیاسی طور پر سرگرم نہیں ہیں اور کئی ہفتوں سے میڈیا میں نظر نہیں آئیں۔ اس پول میں ووٹرز کے تاثرات کی ترجمانی اس تناظر میں کی جانی چاہیے۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1225 مرد و خواتین سے 15 دسمبر تا 21 دسمبر 2019 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, January 16, 2020**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2020

celebrating 40 years of Gallup Pakistan
(1980-2020)